Official Website:- https://www.adabikavish.com/ Email Id:- hilalalam74@gmail.com

# کاروان ادب یوٹیوب چینل، مراد آباد یوپی

نیٹ/جے آر ایف اُردو کے مکمل نصاب پر مبنی
او. ایم. آر. ٹیسٹ.2023

**OMR BASE TEST-2023**
**05 Feb 2023**
**Time: 10:00am to 12:00pm**

[Question Paper Booklet]

وقت: دو گھنٹے نمبرات: 200

## امیدواروں کے لیے ہدایت

1۔ یہ صرف پریکٹس ٹیسٹ ہے۔ اس کو اپنی پریکٹس کی غرض سے حل کریں۔

2۔ اس کتابچے میں جملہ 100 معروضی سوالات ہیں۔ ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (A) (B) (C) (D) جوابات دیئے گئے ہیں۔ سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجئے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue/Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔

3۔ امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔ اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔

4۔ اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔

5۔ غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔

6۔ ٹیسٹ کے اختتام پر امیدوار کو اپنی جوابی OMR کی تصویر ہمارے واٹس ایپ نمبر پر 10 منٹ میں سینڈ کرنا ہوگی۔

7۔ ٹیسٹ میں معلوم کیے گئے سوالات کا اصل امتحان میں آنے کا ہم دعویٰ نہیں کرتے۔ اگر اس طرح کے سوالات آتے ہیں تو یہ محض ایک اتفاق ہوگا۔

8۔ اگر کوئی سوال غلط معلوم کیا گیا ہو تو اس کے نمبر کا دینے کا فیصلہ ہماری کاروان ادب ٹیم کرے گی۔

9۔ ٹیسٹ کی جوابی کلید اور رزلٹ دو سے تین دن بعد جاری کیا جائے گا۔

KARWAN E ADAB

☆☆☆

**Team Karwan E Adab :-** Dr. Tabassum Khan ( Assistant Professor, Govt. PG College Sheopur,M.P.)
Mohd Hilal Alam , (Mentor) Moradabad, UP.
Mahfooz Alam, (Research Scholar, MJPRU Bareilly)

1۔رومانیت کے متعلق درست زمرہ تلاش کریں:

(A)رومان کا لفظ 'رومانس' سے نکلا ہے۔

(B)سب سے پہلے وارٹن اور ہرڈ نے یہ لفظ استعمال کیا۔

(C)ایک رومانی مفکر کے نزدیک احساسات وجذبات ہی کے ذریعے حقیقت تک رسائی ہوسکتی ہے۔

(D)رومانوی ادیب کے نزدیک عقل محض چیزوں کی ظاہری شکل وصورت اور ترتیب سمجھنے میں مدد دیتی ہے۔

(۱)B, C اور D (۲)A, B اور D (۳)A, B, C اور D (۴)A, C اور D

2۔نیچے افسانوں کے کرداروں کے نام درج ہیں:

(A)سکریٹری: مدار بخشی، نفیسہ، منظور احمد

(B) حسب نسب: جمعہ خان، شرماجی، رقیہ

(C) آوارہ گرد: انور، راحیہ، شاہدہ

(D)دوسیاح: عبدالشکور، شیخ صاحب

(۱) ان میں دو زمرے درست ہیں (۲)ان میں صرف ایک زمرہ درست ہے

(۳) ان میں چاورں زمرے درست ہیں (۴) ان میں تین زمرے درست ہیں

3۔مندرجہ ذیل افسانوی مجموعوں کے نام اور ان میں شامل افسانوں کے نام درج ہیں: ان صحیح زمرہ تلاش کریں:

(A)واردات: معصوم بچہ، روشنی، مالکن

(A)ہم وحشی ہیں: لال باغ، دوسری موت، جیکسن

(A)چوٹیں: جنازے، ساس، لحاف

(A)ایک لڑکی: معمار، رادھا، چوکیدار

(۱)A,B,C درست ہیں (۲)A,B,D درست ہیں (۳) B,D درست ہیں (۴)A,C,D درست ہیں

4۔مندرجہ ذیل افسانے اور اس میں شامل کرداروں کا درست زمرہ تلاش کریں:

(A)دومزدور: ضمیر، جمرو، بلاقی

(B)الاؤ: زہرہ، رام لال، جمن

(C)ٹوٹا تارہ: پرکاش، سریندر، رادھا

(D)جوار بھاٹا: پدما، رام چندر، چمپا

(۱)A,B,C درست ہیں (۲)A,C درست ہیں (۳) B,C,D درست ہیں (۴)A,B,D درست ہیں

5۔ان میں درست زمرہ کی نشاندہی کیجیے؟

(A)الاؤ: 1950

(B)روشنی کی رفتار: 1982

(C)ایک لڑکی: 1942

(D)راستہ بند ہے: 1990

(۱)A اور B (۲)B اور D (۳)B اور C (۴)C اور D

6۔نیچے ناولوں کے نام اور ان کے ابواب دیے گئے ہیں، ان میں درست زمرے کی نشاندہی کیجیے:

(A)امراؤ جان ادا : پندرہ ابواب

(B)خدا کی بستی : گیارہ فصل

(C)اداس نسلیں : چار ابواب

(D)ٹیڑھی لکیر: تینتالیس ابواب

(E) آگ کا دریا: ایک سو دو ابواب

(۱)A,B,C درست ہیں (۲)B,C,D درست ہیں (۳) C,D,E درست ہیں (۴)B,C,E درست ہیں

KARWAN E ADAB

7۔علامہ اقبال نے بھوپال کا سفر کس سن میں کیا؟

(۱)1920　(۲)1926　(۳)1931　(۴)1935

8۔ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط:

(A)اقبال،جوش،فیض

(B)مخدوم،حالی،اقبال

(C)میراجی،اخترالایمان،ساحر

(D)شفیق فاطمہ،چکبست،اکبر

(۱)B اور D　(۲)B اور A　(۳)A اور C　(۴)C اور D

9۔مندرجہ ذیل تحقیقی اصطلاحوں کی پہچان کیجئے؟

(A)دستی نسخہ: دستخط کیا ہوا نسخہ

(B)قلمی نسخہ: قلم کے بغیر لکھا ہوا نسخہ

(C)تسوید: کسی مضمون یا کتاب کا پہلا مسودہ لکھنا

(D)اساسی نسخہ: وہ نسخہ جسے تدوین میں اہم ترین مان کر متن میں دیا جائے

(۱)C اور D　(۲)B اور C　(۳)A اور D　(۴)C,B,A

10۔ اُتا دل جو یہ کام کرتا نہ توں
نہ توں دیکھتا دکھ ہر گور سوں
یہ شعر کس مثنوی سے ماخوذ ہے؟

(۱)پھول بن　(۲)قطب مشتری　(۳)کدم راؤ پدم راؤ　(۴)گلشن عشق

11۔صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجئے؟

| | |
|---|---|
| (A)حسرت موہانی | (i) چراغاں |
| (B)فراق گورکھپوری | (ii) فروغ ہستی |
| (C)یگانہ چنگیزی | (iii) معائب سخن |
| (D)شاد عظیم آبادی | (iv) شہرت کاذبہ |

(۱) D i, C iv, B iii, A ii　(۲) D ii , C i, B iv, A iii

(۳) D iii, C ii, B i, A iv　(۴) D ii , C iv, B i, A iii

KARWAN E ADAB

12۔ذیل میں دو بیانات دیے گئے ہیں جن میں سے ایک دعویٰ ہے اور ایک دلیل ہے اور ایک دلیل
دونوں کو غور سے پڑھیے اور ذیل میں دیے گئے جوابات میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے:

دعویٰ: میر محمد تقی خیال اردو کے مشہور داستان گو ہیں۔

دلیل: کیوں کہ انہوں نے بوستان خیال جیسی داستان لکھی۔

(۱)دعویٰ صحیح،دلیل صحیح

(۲)دعویٰ صحیح،دلیل غلط

(۳)دعویٰ غلط،دلیل غلط

(۴)دعویٰ غلط،دلیل صحیح

**This Test Presented by Karwan-E-Adab**

13۔رومانوی تحریک کا آخری ادیب کسے کہا گیا؟

(۱)مہدی افادی　(۲)اختر شیرانی

(۳)مرزا ادیب　(۴)نیاز فتح پوری

14۔ورود مسعود کے باب سے متعلق درست جوڑ ملائیں:

(A)جامعہ ملیہ اسلامیہ　(i)دوسرا باب

(B)دیار فرنگ　(ii)چوتھا باب

(C)مرحوم دہلی کالج　(iii)ساتواں باب

(D)علی گڑھ　(iv)آٹھواں باب

(۱) D ii, C i, B iii, A iv

(۲) D iii , C i, B iv, A ii

(۳) D iii, C ii, B iv, A i

(۴) D iv, C iii, B ii, A i

15۔ارسطو کی کتاب 'بوطیقا' کا اردو ترجمہ 'شعریات' کے نام سے کس نے کیا؟

(۱)جمیل جالبی　(۲)سید عابد حسین

(۳)عزیز احمد　(۴)شمس الرحمٰن فاروقی

16۔ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو زمرے غلط:

(A)نظم شعاع امید ارمغان حجاز میں شامل ہے۔

(B)چکبست کی نظم رامائن کا ایک سین مسدس کی ہیئت میں لکھی گئی۔

(C)اقبال کی نظم ساقی نامہ بال جبرئیل میں شامل ہے۔

(D)نظم سمندر کا بلاوا مربع کی ہیئت میں ہے۔

صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے:

(۱)A اور B　(۲)B اور C　(۳)C اور D　(۴)A اور D

KARWAN E ADAB

17۔صحیح جوڑے ملائیں:

(A)چاند تاروں کا بن　(i)شفیق فاطمہ شعریٰ

(B)بازگشت　(ii)مخدوم محی الدین

(C)بازآمد　(iii)چکبست

(D)حب قومی　(iv)اختر الایمان

(۱) D iii , C iv, B i, A ii

(۲) D iii , C i, B iv, A ii

(۳) D ii, C iv, B i, A iii

(۴) D i, C ii, B iii, A iv

18۔نظموں کے بارے میں کون سا بیان درست ہے؟

(A) تاج محل اور چکلے نظم ساحرلدھیانوی کی ہیں۔

(B) ساحرلدھیانوی کی نظم گریزان کے مجموعے تلخیاں میں شامل ہے۔

(C) ساحر کے والد کا نام عبدالحئی تھا۔

(D) چکلے نظم ''گاتا جائے بنجارہ'' میں شامل ہے۔

(۱) A اور C　　(۲) B اور D

(۳) A اور D　　(۴) A اور B

19۔مدد چاہتی ہے یہ حوا کی بیٹی ـــــــــــــــــــــ یشودھا کی ہم جنس رادھا کی بیٹی

یہ شعر کس نظم کا ہے؟

(۱) رامائن کا ایک سین　　(۲) حسن کوزہ گر

(۳) چکلے　　(D) چاند تاروں کا بن

20۔کس مغربی نقاد نے ''سمپوزیم'' نام کی کتاب لکھی؟

(۱) ارسطو　　(۲) افلاطون

(۳) ٹی ایس ایلیٹ　　(۴) لان جائنس

21۔شاعروں کے کلام کی خصوصیات کے مطابق درست جوڑ ملائیں:

| | |
|---|---|
| (A) سراپا نگاری، حسن و جمال | (i) مومن خان مومن |
| (B) مشکل پسندی، جدت طرازی | (ii) میر تقی میر |
| (C) رنگ تغزل، بکر شاعرانہ | (iii) مرزا غالب |
| (D) رمزیت و ایمائیت، موسیقیت | (iv) ولی دکنی |

(۱) A ii, B i, C iv, D iii　　(۲) A iii, B iv, C ii, D i

(۳) A i, B ii, C iii, D iv　　(۴) A iv, B iii, C i, D ii

KARWAN E ADAB

22۔ن م راشد کے شعری مجموعوں کو ان کی سن اشاعت سے ملائیں:

| | |
|---|---|
| (A) ماورا | (i) 1955 |
| (B) ایران میں اجنبی | (ii) 1977 |
| (C) لا انسان | (iii) 1969 |
| (D) گمان کا ممکن | (iv) 1941 |

(۱) A iv, B i, C iii, D ii　　(۲) A iv, B iii, C i, D ii

(۳) A iii, B i, C iv, D ii　　(۴) A ii, B iv, C i, D iii

**This Test Presented by Karwan-E-Adab**

23۔ناول فردوس بریں میں شامل ابواب صحیح جوڑ ملائیں:

(A)افشائے راز (i) تیسرا باب
(B)پھر عالم عناصر (ii)چوتھا باب
(C)فردوس بریں (iii)پانچواں باب
(D)ملاء اعلیٰ کا سفر (iv) آٹھواں باب

(۱) D i, C iii, B iv, A ii (۲) D ii, C iv, B i, A iii
(۳) D i, C ii, B iii, A iv (۴) D ii, C i, B iv, A iii

24۔’’الجمل‘‘ کس کی کتاب کا نام ہے؟

(۱)ابن خلدون (۲)ابن رشیق (۳)قدامہ ابن جعفر (۴)عبدالقادر جرجانی

25۔کس نے عظیم ادب کی پانچ خوبیاں بتائی ہیں؟

(۱)ارسطو (۲)لان جائنس (۳)افلاطون (۴)آئی اے رچرڈز

26۔مصنفین اوران کی تصنیف کے اعتبار سے درست جوڑے ملائیں:

(A)جدید اردو ادب (i)وزیر آغا
(B)قاری اساس تنقید (ii)محمد حسن
(C)تنقیدی افکار (iii) گوپی چند نارنگ
(D)معنی اور تناظر (iv)شمس الرحمٰن فاروقی

(۱) D i , C ii, B iii, A iv (۲) D iv , C ii, B i, A iii
(۳) D ii , C iii, B iv, A i (۴) D i, C iv, B iii, A ii

27۔ذیل میں صحیح زمرے کی نشاندہی کیجئے؟

(۱) کھڑی بولی، ہریانوی، پنجابی، برج بھاشا، بندیلی (۲) کھڑی بولی، ہریانوی، راجستھانی، برج بھاشا، قنوجی
(۳) کھڑی بولی، ہریانوی، برج بھاشا، بندیلی، قنوجی (۴)بندیلی، ہریانوی، کھڑی بولی، قنوجی، اودھی

28۔اردو میں نظم نگاری کا آغاز کس ادارے نے منظّم طور پر انجام دیا؟

(۱)انجمن پنجاب لاہور (۲)ترقی پسند تحریک (۳)حلقہ ارباب ذوق (۴)دہلی کالج

KARWAN E ADAB

29۔غدر میں گوشہ نشینی کے بعد غالب نے کون سی کتاب لکھی؟

(۱)تاریخ تیموریہ (۲)برہان قاطع (۳)مہر نیم روز (۴)دستنبو

30۔ناقدین اوران کی تصنیف کے اعتبار سے دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط:

(A) مجنوں گورکھپوری::نقوش وافکار

(B)کلیم الدین احمد::تنقید اور مجلسی تنقید

(C)احتشام حسین::عملی تنقید

(D) آل احمد سرور::فکر روشن

(۱)A اور C (۲)A اور D (۳)B اور D (۴)C اور D

31۔ ''حاضری بابو'' کا کردار کس ناول میں پیش کیا گیا؟

(۱) اداس نسلیں (۲) بستی (۳) فائر ایریا (۴) آگ کا دریا

32۔ نظریات سے متعلق درست جوڑے ملائیں:

(A) علویت (i) ٹی ایس ایلیٹ
(B) کتھارسس (ii) افلاطون
(C) نقل کی نقل (iii) لان جائنس
(D) معروضی تلازمہ (iv) ارسطو

(۱) D iii, C ii, B i, A iv (۲) D i, C ii, B iv, A iii

(۳) D ii, C i, B iv, A iii (۴) D i, C iv, B iii, A ii

33۔ ذیل میں دو زمرے مومن کے شعر کی حیثیت سے صحیح ہیں اور دو غلط:

(A) ذرا ہو گرمی صحبت تو خاک کر دے چرخ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مرا سرور ہے گل خندۂ شرر کا سا

(B) میں اگر آپ سے جاؤں تو قرار آ جائے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دامن الجھا ہے گل بے خار سے

(C) خیال زلف میں خود رفتگی نے قہر کیا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ امید تھی مجھے کیا کیا بلا کے آنے کی

(D) تھا خواب میں خیال کو تجھ سے معاملہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جب آنکھ کھل گئی نہ زیاں تھا نہ سود تھا

(۱) A اور C (۲) A اور B (۳) B اور C (۴) C اور D

34۔ مگر وہ شیوۂ فرسودۂ بیاں نہ رہا

جگر کے اس شعر کو مصرع اول سے مکمل کیجئے:

(۱) گداز عشق نہیں کم جو میں جواں نہ رہا

(۲) نہیں کہ دل مرا وقف غم نہاں نہ رہا

(۳) زہے وہ شوق جو پابند این وآں نہ رہا

(۴) جنون سجدہ کی معراج ہے یہی شاید

KARWAN E ADAB

35۔ ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط

(A) مسافران لندن، حیات جاوید، سیر ایران

(B) الفاروق، المامون، موازنہ انیس و دبیر

(C) سفرنامہ روم و مصر و شام، جاپان چلو جاپان چلو، تاریخ یوسفی

(D) ابن بطوطہ کے تعاقب میں، مسافران لندن

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجئے:

(۱) A اور C (۲) B اور C

(۳) C اور D (۴) A اور D

36۔ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط

(A)مغربی تنقید: ارسطو، افلاطون، لان جائنس

(B)عربی تنقید: قدامہ ابن جعفر، ابن قتیبہ، ابن رشیق

(C)سنسکرت: بھرت منی، احتشام حسین، محمد حسن

(D)مغربی تنقید: ایلیٹ، محمد حسن، جمیل جالبی

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

(۱) A اور D (۲) A اور B (۳) B اور D (۴) A,B اور C

37۔دبستان تنقید اور ان کے نمائندہ نقاد کے جوڑ ملائیں:

| | |
|---|---|
| (A)تاثراتی تنقید | (i)مسعود حسین خاں |
| (B)مارکسی تنقید | (ii)شبیہ الحسن |
| (C)اسلوبیاتی تنقید | (iii)احتشام حسین |
| (D)نفسیاتی تنقید | (iv)محمد حسین آزاد |

(۱) A iii, B iv, C i, D ii

(۲) A ii, B iii, C iv, D i

(۳) A iv, B iii, C i, D ii

(۴) A iii, B i, C ii, D iv

38۔محققین کے اعتبار سے درست زمرے کی نشاندہی کیجیے:

(A)محمد حسین آزاد، جمیل جالبی، گیان چند جین

(B)مولوی عبدالحق، امتیاز علی عرشی، رشید حسن خاں

(C)کلیم الدین احمد، آل احمد سرور، حالی

(D)وزیر آغا، محی الدین قادری زور، قاضی عبدالودود

KARWAN E ADAB

صحیح زمروں کی نشاندہی کیجیے:

(۱)صرف A صحیح ہے (۲)صرف B صحیح ہے (۳) B اور C صحیح ہے (۴) B اور D صحیح ہے

39۔تحقیق کے متعلق درست بیان کی نشاندہی کیجیے:

(A)حقائق کو دریافت کرنے اور ان کی تصدیق کرنے کا نام تحقیق ہے۔

(B)تحقیق کھرے کھوٹے میں پہچان کرنے کا نام ہے۔

(C)تحقیق تلاش و جستجو نہ کرنے کا عمل ہے۔

(D)تحقیق کسی امر کو اس کی اصلی شکل میں دیکھنے کی کوشش ہے۔

(۱) A اور B (۲) B اور C (۳) A,C اور D (۴) A اور D

40۔ ''اسی شواجی پارک میں میرے ایک اور دوست رہتے ہیں۔نام ہے خواجہ مشہد نواز۔نام سن کر ایسا معلوم ہوتا ہے مانو کوئی گھوڑا کچے شلغم چبار ہا ہے۔بھلا آپ ہی بتایئے،ایسے نام کا آدمی اس دنیا میں کیا ترقی کر سکتا ہے۔''

یہ اقتباس کس افسانے سے ماخوذ ہے؟

(۱) حجام الہ آباد کے (۲) داروغہ صاحب (۳) انصاف کی پولیس (۴) دوسری موت

41۔ درج ذیل کو ان کی سن کے مطابق درست جوڑے ملائیں؟

| | |
|---|---|
| (A) ترقی پسند تحریک | 1825(i) |
| (B) حلقہ ارباب ذوق | 1917(ii) |
| (C) دارالترجمہ عثمانیہ | 1936(iii) |
| (D) دہلی کالج | 1939(iv) |

(۱) A iii, B iv, C i, D ii (۲) A iv, B iii, C ii, D i

(۳) A iii, B iv, C ii, D i (۴) A ii, B i, C iv, D iii

42۔ صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجئے؟

| List-I | List-II |
|---|---|
| (A) قصیدہ | (i) وحدت تاثر |
| (B) غزل | (ii) آمد |
| (C) نظم | (iii) گریز |
| (D) مرثیہ | (iv) رخصت |

(۱) C اور i (۲) B اور iii (۳) A اور iv (۴) D اور ii

43۔ صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجئے؟

KARWAN E ADAB

| List-I | List-II |
|---|---|
| (A) مربع | (i) ہر بند میں تین تین مصرع |
| (B) مثلث | (ii) ہر بند میں چار چار مصرع |
| (C) تضمین | (iii) ہر بند میں پانچ پانچ مصرع |
| (D) مخمس | (iv) ہر بند میں چھ چھ مصرع |

(۱) A اور iv (۲) D اور iii (۳) B اور iii (۴) D اور i

44۔ اس صنف کا نام بتایئے جس میں لکھنے والا اپنے تدبیر، تجربے، ذہانت اور سیاسی وسماجی سوجھ بوجھ سے معاملات کی تہوں کو کھولتا اور ان کے مختلف پہلوؤں کو روشن کرتا ہے۔''

(۱) اشتہار (۲) فیچر (۳) کالم (۴) انٹرویو

45۔درج ذیل میں صحیح بیانات کی نشاندہی کیجئے؟

(A)ڈاکیومینٹری میں کمینٹری یعنی بیانیہ کا استعمال ہوتا ہے۔

(B)ڈاکیومنٹری حقائق پر مبنی ہوتی ہے۔

(C)ڈاکیومنٹری میں کہانی ہوتی ہے۔

(D)ڈاکیومنٹری میں انٹرویو کو پیش کیا جاتا ہے۔

(۱) A, B　(۲) B, C　(۳) C, D　(۴) A, B, D

46۔فلم اسکرپٹ میں کون سے دو اہم حصے بنیادی حیثیت رکھتے ہیں؟

(۱)موسیقی اور دھن

(۲)اداکار اور ہدایت کار

(۳)مکالمہ اور منظرنامہ

(۴)لائٹنگ اور پردے

47۔ارسطو کے مطابق ترسیل۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟

(۱)دوطرفہ سماجی عمل ہے۔

(۲) یک طرفہ سماجی عمل ہے۔

(۳) کثیر جہتی سماجی عمل ہے۔

(۴) تین طرفہ سماجی عمل ہے۔

48۔ڈرامہ انارکلی کے پہلے باب ''عشق'' میں شامل مناظر کے درست جوڑ ملائیں؟

| | |
|---|---|
| (A)منظر سوم | (i)حرم سرا اور پائیں باغ کے درمیان بارہ دری |
| (B)منظر اول | (ii)سلیم کا ایوان |
| (C)منظر چہارم | (iii)حرم سرا میں ایک غلام گردش |
| (D)منظر دوم | (iv)حرم سرا کا پائیں باغ |

(۱) A iii, B i, C iv, D ii　(۲) A ii, B iii, C i, D iv

(۳) A iii, B iv, C ii, D i　(۴) A iv, B i, C iii, D ii

KARWAN E ADAB

49۔ڈراموں کے کرداروں کے متعلق درست جوڑ ملائیں؟

| | |
|---|---|
| (A)آگرہ بازار | (i)زعفران، بختیار، ثریا |
| (B)ضحاک | (ii)رحیم، کریم، عزرا |
| (C)انارکلی | (iii)بے نظیر، حمید، رامو |
| (D)یہودی کی لڑکی | (iv)نوشابہ، فریدوں |

(۱) A iv, B iii, C ii, D i　(۲) A ii, B iv, C i, D ii

(۳) A iii, B i, C iv, D ii　(۴) A iii, B iv, C i, D ii

**This Test Presented by Karwan-E-Adab**

50۔صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے:

(A)دوصوت رکن (i)سلمان

(B)چارصوت رکن (ii)لسانیات

(C)ایک صوت رکن (iii)اکبر

(D)تین صوت رکن (iv)قسطنطنیہ

(۱) A اور ii (۲) B اور iv (۱) C اور i (۲) D اور iii

51۔تاریخ ولادت کے اعتبار سے صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجیے:

(A)فراق،حسرت،مومن،شاد

(B)شاد،فانی،حسرت،اصغر

(C)یگانہ،جگر،فراق،مجروح

(D)مجروح،کلیم عاجز،شہریار،عرفان صدیقی

(۱) B,A اور C (۲) C,B اور D (۳)C, A اور D (۲)B,A اور D

52۔تاریخ ولادت کے اعتبار سے صحیح ترتیب کی نشاندہی کیجیے:

(A)اقبال،چکبست ،جوش،مخدوم

(B)ن م راشد،فیض،میراجی،اختر الایمان

(C)اسماعیل میرٹھی،شفیق فاطمہ،ساحر،وحید اختر

(D)اقبال،اکبر،میراجی،فیض

(۱) A اور B (۲) B اور C (۳) A اور D (۲) C اور D

53۔تاریخ ولادت کے اعتبار سے صحیح زمانی ترتیب کی نشاندہی کیجیے:

KARWAN E ADAB

(۱) مولوی عبدالحق ،رشید حسن خاں،محی الدین قادری زور،گیان چند جین

(۲) گیان چند جین،مولوی عبدالحق،محی الدین قادری،رشید حسن خاں

(۳) امتیاز علی عرشی،قاضی عبدالودود،رشید حسن خاں،جمیل جالبی

(۴) قاضی عبدالودود،امتیاز علی عرشی،رشید حسن خاں،جمیل جالبی

54۔تاریخ وفات کے اعتبار سے صحیح زمانی ترتیب کی نشاندہی کیجیے:

(۱) محمد حسن،وزیر آغا،مجنوں گورکھپوری،کلیم الدین احمد

(۲) مجنوں گورکھپوری،کلیم الدین احمد،وزیر آغا،محمد حسن

(۳) کلیم الدین احمد،مجنوں گورکھپوری،محمد حسن،وزیر آغا

(۴) وزیر آغا،محمد حسن،کلیم الدین احمد،مجنوں گورکھپوری

55۔ تاریخ وفات کے اعتبار سے صحیح زمانی ترتیب کی نشاندہی کیجیے:

(۱) سرسید، شبلی، پطرس بخاری، مولوی عبدالحق

(۲) مولوی عبدالحق، سرسید، شبلی، پطرس بخاری

(۳) سرسید، شبلی، مولوی عبدالحق، پطرس بخاری

(۴) شبلی، سرسید، مولوی عبدالحق، پطرس بخاری

56۔ تاریخ ولادت دہلی والے زمرے کی نشاندہی کیجیے:

(۱) غالب، نظیر، میرحسن، رسوا

(۲) میرحسن، مرزا دبیر، نظیر، سرسید

(۳) شرر، مومن، سجاد ظہیر، غالب

(۴) ناسخ، درد، نظیر، غالب

57۔ صنف کے اعتبار سے درست جوڑ کی نشاندہی کیجیے:

| | |
|---|---|
| (A) افضل جھنجھانوی | (i) سفرنامہ |
| (B) احتشام حسین | (ii) نظم |
| (C) ابن انشاء | (iii) داستان |
| (D) علامہ اقبال | (iv) ناقد |

(۱) D ii , C iv, B i, A iii
(۲) D ii, C i, B iii, A iv
(۳) D i, C iv, B iii, A ii
(۴) D ii, C i, B iv, A iii

58۔ جائے ولادت کے مطابق صحیح جوڑ ملائیں:

| | |
|---|---|
| (A) میرٹھ | (i) احتشام حسین |
| (B) پرتاپ گڑھ | (ii) عرفان صدیقی |
| (C) اعظم گڑھ | (iii) اسماعیل میرٹھی |
| (D) بدایوں | (iv) شمس الرحمٰن فاروقی |

(۱) D ii , C iv, B i, A iii
(۲) D ii, C i, B iv, A iii
(۳) D iii, C iv, B i, A ii
(۴) D i, C ii, B iii, A iv

KARWAN E ADAB

59۔ جائے وفات کے مطابق صحیح جوڑ ملائیں:

| | |
|---|---|
| (A) بنارس | (i) رتن ناتھ سرشار |
| (B) حیدرآباد | (ii) رجب علی بیگ سرور |
| (C) لکھنؤ | (iii) اصغر گونڈوی |
| (D) الہٰ آباد | (iv) دبیر |

(۱) D i, C iv, B ii, A iii
(۲) D iv, C ii, B i, A iii
(۳) D ii, C i, B iii, A iv
(۴) D iii, C iv, B i, A ii

This Test Presented by Karwan-E-Adab

60۔درست الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کیجئے:

حیات جاوید۔۔۔۔۔۔کی لکھی ہوئی۔۔۔۔۔۔کی مفصل۔۔۔۔۔۔ہے۔جو پہلی مرتبہ۔۔۔۔۔۔میں۔۔۔۔۔۔سے چھپ کر شائع ہوئی تھی۔

(A)سرسید،حالی،1920،سوانح عمری،سوغات

(B)حالی،سرسید،سوانح عمری،1901،نامی پریس کانپور

(C)سوانح عمری،حالی،1901،نامی پریس کانپور،سرسید

(D)سرسید،حالی،سوانح عمری،1901،نگار

(۱) A, B درست ہیں (۲) C, B درست ہیں (۳) صرف B درست ہے (۴) D, C درست ہیں

61۔سرسید کے مضامین کا درست زمرہ تلاش کریں:

(A)خوش طبعی،سیر زندگی،عزت

(B)علوم کی بدنصیبی،سیر عدم،سراب حیات

(C)بحث وتکرار،امید کی خوشی،ہمدردی

(D)ترقی علوم،نیچر،آزادی رائے

(۱) D, C درست ہیں (۲) C, B درست ہیں

(۳) D, B درست ہیں (۴) D, A درست ہیں

62۔اردو کس زبان کا لفظ ہے؟

(۱)انگریزی (۲)فارسی (۳)ترکی (۴)عربی

63۔67۔مندرجہ ذیل اقتباس کو پڑھیے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے:

اس ملک میں اب جو زبان مروج ہے اور جس میں سب لوگ بولتے چالتے ہیں اس کا نام ’’اردو‘‘ ہے اور تحقیق اس کی یوں ہے کہ ’’اردو‘‘ فارسی لفظ ہے اور اس کے معنی ’’بازار‘‘ کے ہیں اور اردو سے مراد اردوئے شاہ جہاں ہے۔ اگر چہ دلی بہت قدیم شہر ہے اور ہندوؤں کے تمام راجہ پرجاؤں کا ہمیشہ سے دار السلطنت رہا ہے،لیکن سب اپنی اپنی بھاکا بولتے تھے۔ایک کی دوسرے سے زبان نہیں ملتی تھی، جب کہ ہندوستان میں مسلمانوں کی عمل داری ہوئی اور مسلمان لوگ ان شہروں میں آئے تو اور بھی مشکل پڑی۔اور نئی زبان کے لوگوں کے آنے سے سودا سلف لینے دینے، بیچنے بچانے میں دقت پڑنے لگی۔اول اول تو مسلمانوں کی عمل داری میں اختلاف رہا۔کبھی کسی کی بادشاہت رہی اور کبھی کسی کی،کبھی غوری آئے اور کبھی لودھی اور کبھی پٹھان اور کبھی مغل،اس سبب سے زبان کا بدستور اختلاف چلا گیا۔اور کوئی شخص اس کی اصلاح کے پیچھے نہ پڑا۔جب کہ اکبر بادشاہ ہوا،ایک گونہ سلطنت کو قیام ہوا اور سب لوگ اپنے اپنے ٹھکانے بیٹھے اور علم کا بھی چرچا ہوا۔لیکن اس زمانہ میں فارسی زبان کی ایسی قدر تھی کہ لوگ اور کسی طرف متوجہ بھی نہیں ہوتے تھے۔

KARWAN E ADAB

63۔اس اقتباس میں ’’اردو‘‘ زبان سے کیا مراد لیا گیا ہے؟

(۱)اردو مسلمانوں کی زبان ہے (۲)اردو سے مراد اردوئے شاہ جہاں ہے

(۳)اردو سے مراد بازار ہے (۴)اردو ملک کی زبان ہے

64۔تمام راجہ پرجاؤں کا دارالسلطنت کون سا شہر رہا؟

(۱)لکھنؤ (۲)دہلی (۳)حیدرآباد (۴)رامپور

65۔ہندوستان میں مسلمانوں کی عمل داری سے کیا کیا مشکلیں درپیش آئیں؟

(۱)حکومت کرنے میں (۲)اردو زبان بولنے میں (۳)سودا سلف، لینے دینے، بیچنے بچانے میں (۴)بات کرنے میں

66۔اقتباس میں پیش کیے گئے لفظ ''عمل داری'' کن معنوں میں استعمال ہوا ہے؟

(۱) حصے داری　(۲) گھر بنانا　(۳) سرحد الگ کرنا　(۴) حکومت

67۔اس اقتباس کے مصنف کا نام بتائیں؟

(۱) مسعود حسین خاں　(۲) محمد حسین آزاد　(۳) سرسید احمد خاں　(۴) شوکت سبزواری

68۔صبح ہوتی ہے شام ہوتی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔عمر یوں ہی تمام ہوتی ہے
مضامین سرسید کے کس مضمون کی ابتداء اس شعر کے ساتھ ہوئی ہے؟

(۱) امید کی خوشی　(۲) سراب حیات　(۳) انسان کے خیالات　(۴) گزرا ہوا زمانہ

69۔فورٹ ولیم کالج سے متعلق درست بیان کی نشاندہی کیجیے:

(A) فورٹ ولیم کالج　(i) مولوی سبحان بخش، ماسٹر رام چندر
(B) دہلی کالج　(ii) یوسف ظفر، میرا جی
(C) ترقی پسند تحریک　(iii) میر امن، للولال جی
(D) حلقہ ارباب ذوق　(iv) عزیز احمد، پریم چند

(۱) D iii, C i, B iv, A ii
(۲) D i, C ii, B iii, A iv
(۳) D ii, C iv, B i, A iii
(۴) D i, C iii, B iv, A ii

70۔درست بیان کی نشاندہی کیجیے:

(A) جدیدیت اور ترقی پسند تحریک دونوں ایک ہی ہیں۔
(B) جدیدیت کی ایک پہچان علامتی اور اشارتی اسلوب ہے۔
(C) جدیدیت کی جڑیں تحقیق کے فلسفے سے ملتی ہیں
(D) جدیدیت پسند لکھنے والے غیر مربوط، غیر منطقی اور بیانیہ کا استعمال کرتے ہیں۔

(۱) A اور B　(۲) B اور D
(۳) C اور D　(۴) C, B اور D

KARWAN E ADAB

71۔''جدیدیت'' نام سے کس نے کتاب لکھی؟

(۱) شمیم حنفی　(۲) وہاب اشرفی　(۳) گوپی چند نارنگ　(۴) حسن عسکری

72۔ان میں درست زمرہ تلاش کریں:

(۱) جدیدیت سے پہلے کا دور مابعد جدیدیت کہلاتا ہے۔
(۲) مابعد جدیدیت فوق منفی کو تخلیق کرنی ہے۔
(۳) مابعد جدیدیت کو آل احمد سرور نے فروغ دیا۔
(۴) مابعد جدیدیت میں بین المتونت کو غیر معمولی اہمیت حاصل ہے۔

**This Test Presented by Karwan-E-Adab**

73۔صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجئے:

(A)رباعی (i)گاؤں کی تباہی کا حال

(B)قطعہ (ii)محبوب کو جلی کٹی سنانا

(C)شہرآشوب (iii)چار اشعار

(D)ریختی (iv)بحر ہزج

(۱) B کا i (۲) C کا iii (۳) A کا iv (۴) D کا ii

74۔مستزاد سے متعلق دو زمرے صحیح ہیں:

(A)اس کے ہر بند میں چار چار مصرعے ہوتے ہیں۔

(B)'مستزاد مجہول' اس کی قسم کا نام ہے۔

(C)اس کا مطلب ہے زیادہ کرنا یا اضافہ کرنا۔

(D)مستزاد کی دو قسمیں ہوتی ہیں۔

(۱) C اور D (۲) B اور C (۳) A اور C (۴) C,B اور D

75۔ذیل میں دو زمرے صحیح ہیں:

(A)اردو میں گیت کی روایت غالب کے عہد سے مانی جاتی ہے۔

(B)جو گایا جاسکے اسے گیت کہتے ہیں۔

(C)غزل اور رباعی کی طرح گیت بھی داخلی صنف سخن ہے۔

(D)گیت کے لئے ایک مخصوص بحر ہزج طے ہے۔

(۱) A اور B (۲) B اور C (۳) C اور D (۴) B اور D

76۔ہم سے الفت نہ سہی یہ تو گوارا کرتے

اپنی نفرت کا ہی اظہار خدارا کرتے

اس شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟

(۱)تجاہل عارفانہ (۲)حسن تعلیل (۳)لف ونشر (۴)تضاد

KARWAN E ADAB

77۔لغت کے مطابق درست زمرہ تلاش کریں:

(A)سبب،سبحان،سبزہ،سبق

(B)ستور،سحاب،ستم،سبحان

(C)سپاہی،سپلائی،ستارہ،ستون

(D)ستارہ،سپلائی،سپاہی،ستون

(۱) A اور B (۲) C اور D (۳) A اور C (۴) B اور D

78۔لغت کے اعتبار سے درست ترتیب کی نشاندہی کیجئے:

(۱)عذاب،عدالت،عدیل،عدنان

(۲)عدالت،عدنان،عدیل،عذاب

(۳)عدنان،عدیل،عدالت،عذاب

(۴)عدیل،عدنان،عذاب،عدالت

79۔''افضل کی بکٹ کہانی اس جدید اردو کا پہلا ادبی ولسانی نقش ہے۔'' بقول؟

(۱)خلیل احمد بیگ (۲)نصیرالدین ہاشمی (۳)مسعود حسین خاں (۴)مولوی عبدالحق

80۔مرتبین کے لحاظ سے صحیح جوڑ ملائیں:

| | |
|---|---|
| (A) مثنویات شوق | (i)مولوی عبدالحق |
| (B) ریاض الفصحا | (ii)جمیل جالبی |
| (C) رہبر تحقیق | (iii)رشید حسن خاں |
| (D) کدم راؤ پدم راؤ | (iv)شبیہ الحسن |

(۱) D iii, C ii, B i, A iv (۲) D iii, C i, B iv, A ii

(۳) D i, C iv, B iii, A ii (۴) D ii, C iv, B i, A iii

81۔ان میں دو زمرے صحیح ہیں اور دو غلط:

(A)مخدوم کو'چاند تاروں کا بن' پر پدم شری ملا۔

(B)جوش کو حکومت ہند نے 'پدم بھوشن' کے اعزاز سے نوازا۔

(C)اختر الایمان کو'یادیں' پر ساہتیہ اکادمی انعام ملا۔

(D)ن م راشد کو'ماورا' پر عذاب ایوارڈ ملا۔

صحیح زمرے کی نشاندہی کیجئے:

(۱) A اور B (۲) B اور C (۳) C اور D (۴) B اور D

This Test Presented by Karwan-E-Adab

KARWAN E ADAB

82۔اجزائے ترکیبی کے مطابق صحیح جوڑ ملائیں:

| | |
|---|---|
| (A)طوالت، مافوق الفطرت عناصر | (i)ڈرامہ |
| (B)پلاٹ، کردار نگاری، منظر کشی | (ii)افسانہ |
| (C)مکالمہ، تصادم، انجام | (iii)داستان |
| (D)نقطۂ نظر، وحدت تاثر | (iv)ناول |

(۱) D ii , C i, B iv, A iii

(۲) D ii, C i, B iii, A iv

(۳) D iii, C i, B iv, A ii

(۴) D ii , C iv, B i, A iii

This Test Presented by Karwan-E-Adab

83۔ماہرین کے مطابق سوانح نگاری کے تین لوازم ہیں۔ان کی نشاندہی کیجئے:

(۱) مواد، منظر کشی، موضوع

(۲) موضوع، وقت، کردار

(۳) ماحول، مواد، نقطۂ نظر

(۴) موضوع، مواد، اسلوب

84۔سوانح اور سوانح نگار کے اعتبار سے درست جوڑ ملائیں:

| | |
|---|---|
| (A) امہات الامتہ | (i) مولوی اکرام اللہ |
| (B) حیات سعدی | (ii) شبلی نعمانی |
| (C) وقار حیات | (iii) ڈپٹی نذیر احمد |
| (D) الفاروق | (iv) الطاف حسین حالی |

(۱) D iii, C iv, B i, A ii

(۲) D ii, C i, B iv, A iii

(۳) D i, C ii, B iii, A iv

(۴) D ii, C iii, B iv, A i

85۔سن تصنیف کے مطابق صحیح جوڑ ملائیں:

| | |
|---|---|
| (A) خواب باقی ہیں | 1996(i) |
| (B) الفاروق | 1988(ii) |
| (C) اس آباد خرابے میں | 1898(iii) |
| (D) ورود مسعود | 1894(iv) |

(۱) D ii, C i, B iv, A iii

(۲) D iii, C iv, B i, A ii

(۳) D ii, C i, B iii, A iv

(۴) D i, C iv, B iii, A ii

KARWAN E ADAB

86۔مندرجہ ذیل سفرناموں کی صحیح زمانی ترتیب بتائیں:

(۱) مسافران لندن، سفرنامہ روم ومصر وشام، جاپان چلو جاپان چلو، ابن بطوطہ کے تعاقب میں

(۲) سفرنامہ روم ومصر وشام، مسافران لندن، ابن بطوطہ کے تعاقب میں، جاپان چلو جاپان چلو

(۳) جاپان چلو جاپان چلو، ابن بطوطہ کے تعاقب میں، مسافران لندن، سفرنامہ روم ومصر وشام

(۴) ابن بطوطہ کے تعاقب میں، سفرنامہ روم ومصر وشام، مسافران لندن، جاپان چلو جاپان چلو

87۔اجل خود زندگی سے کانپتی ہے

اجل کی زندگی پر دسترس کیا

یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

(۱) فراق گورکھپوری　(۲) مومن خاں مومن　(۳) جگر مرادآبادی　(۴) اصغر گونڈوی

88۔ بلبلوں کی وہ صدائیں، وہ گلوں کی خوشبو ۔۔۔۔۔۔۔۔ دل کو الجھاتے تھے، سنبل کے وہ پر خم گیسو

قمریاں کہتی تھیں شمشاد پہ یا ہو یا ہو ۔۔۔۔۔۔۔۔ فاختہ کی یہ صدا سرو پہ تھی، کوکوکو

وقت تسبیح کا تھا عشق کا دم بھرتے تھے

اپنے معبود کی سب، حمد وثنا کرتے تھے

یہ بند کس شاعر کے مرثیہ سے اخذ کیا گیا ہے؟

(۱) جمیل مظہری (۲) مرزا دبیر (۳) میر ضمیر (۴) میر انیس

89۔ مرثیہ نگار کی حیثیت سے دو زمرے صحیح ہیں:

(A) غالب، محسن کاکوروی، حالی

(B) انیس، دبیر، جمیل مظہری، غالب

(C) حالی، جوش، میر ضمیر

(D) سودا، ذوق، درد

(۱) B اور C (۲) A اور D (۲) A اور B (۴) A اور C

90۔ ابن بطوطہ کے تعاقب میں شامل عنوان کا درست زمرہ تلاش کریں:

(A) جرمنی و لندن:: نومبر 1972

(B) فلپائن:: دسمبر 1972

(C) لنکا:: دسمبر 1963

(D) ایران:: جنوری 1964

(۱) B اور C (۲) B اور D (۲) A اور B (۲) C اور D

91۔ مشتاق احمد یوسفی کا مضمون ''جنون لطیفہ'' ان کے کس مجموعے میں شامل ہے؟

(۱) آب گم (۲) چراغ تلے (۳) زرگزشت (۴) خاکم بدہن

KARWAN E ADAB

92۔ مولانا ابوالکلام آزاد کے مجموعے ''غبار خاطر'' سے متعلق درست جوڑ کی نشاندہی کیجئے:

(A) داستان بے ستون و کوہ کن — (i) خط نمبر 18

(B) حکایت بادۂ تریاک — (ii) خط نمبر 5

(C) حکایت زاغ و بلبل — (iii) خط نمبر 19

(D) چڑیا چڑے کی کہانی — (iv) خط نمبر 9

(۱) D iii, C i, B iv, A ii (۲) D iii, C ii, B i, A iv

(۳) D ii, C iv, B i, A iii (۴) D i, C iv, B iii, A ii

93۔ مرزا غالب کے خطوط کا مجموعہ ''اردوئے معلیٰ'' کل کتنے حصوں پر مشتمل ہے؟

(۱) دو (۲) تین (۳) چار (۴) پانچ

94۔ ''یہاں آدمی کہاں ہے کہ اخبار کا خریدار ہو؟ مہاجن لوگ جو یہاں بستے ہیں، وہ یہ ڈھونڈ ھتے پھرتے ہیں کہ گیہوں کہاں سستے ہیں، بہت سخی ہوں گے تو جنس پوری تول دیں گے، کاغذ روپیہ مہینے کا کیوں مول لیں گے؟۔''

یہ خط مرزا غالب نے کس کے نام لکھا؟

(۱) ہر گوبند سہائے (۲) مرزا قربان علی بیگ (۳) منشی شیو نرائن (۴) ماسٹر پیارے لال

**This Test Presented by Karwan-E-Adab**

95۔ ذیل میں دو بیانات دیے گئے ہیں جن میں سے ایک دعویٰ ہے اور ایک دلیل دونوں کو غور سے پڑھیے اور ذیل میں دیے گئے جوابات میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:

دعویٰ:: مولانا ابوالکلام آزاد کی وجہ شہرت ان کے خطوط ہیں۔

دلیل:: انہوں نے غبار خاطر خطوط کا مجموعہ لکھا۔

(۱) دعویٰ صحیح دلیل غلط (۲) دعویٰ غلط دلیل صحیح (۳) دعویٰ صحیح دلیل صحیح (۴) دعویٰ غلط دلیل غلط

96۔100۔ سوالات کے جواب ذیل میں دیئے گئے اشعار کی روشنی میں دیجیے:

| | | |
|---|---|---|
| شکیب و صبر از جام ربودہ | | در خواری بروئے من کشیدہ |
| گہے دیوانہ گہ شہیار سازو | | گہے از زندگی بیزار سازو |
| نہ دے یک دم مجھے دن رین میں چین | | اندھیرے ہو چلے رووت مرے نین |
| پڑا جب عشق کا شہ مجھ اپر دھائے | | گریزاں گشت ٹھاکر عقل کا ہائے! |
| جنوں در ملک جاں جھنڈا گڑایا | | سمجھ اور بوجھ کا تھانا اٹھایا |
| بہ تخت دل چوشہ مذکور آیا | | شکن کو آہ کا دھونسا بجایا |
| فرد کے گھر میں جا دُھمس مچائی | | متاع صبر و تسکیں سب لٹائی |

96۔ مندرجہ بالا اشعار میں ''دھائے'' کن معنوں میں استعمال ہوا ہے؟

(۱) گرنا (۲) ڈوب جانا (۳) حملہ آور ہونا (۴) دورا پڑنا

KARWAN E ADAB

97۔ مندرجہ بالا اشعار میں ''ٹھاکر'' سے کیا مراد لیا گیا ہے؟

(۱) مالک (۲) ٹھوکر (۳) لات مارنا (۴) غلام

98۔ مندرجہ بالا اشعار کس مثنوی سے لئے گئے ہیں؟

(۱) قطب مشتری (۲) پھول بن (۳) بکٹ کہانی (۴) کدم راؤ پدم راؤ

99۔ مندرجہ بالا اشعار میں ''دُھمس مچائی'' کن معنوں میں استعمال ہوا ہے؟

(۱) آگ لگائی (۲) ہنگامہ کرنا (۳) سیندھ لگائی (۴) پھونک لگائی

100۔ مندرجہ بالا اشعار میں ''دھونسا'' کے کیا معنی ہیں؟

(۱) مُکّہ مارنا (۲) بددعا (۳) دھکا لگانا (۴) نقارہ

☆☆ختم شد☆☆

ٹیسٹ کے بارے میں اپنی رائے کا اظہار ضرور کریں

(TEAM KARWAN-E-ADAB)

Official Website:- www.adabikavish.com

KARWAN E ADAB